g

**PDMA**
**Provincial Disaster Management Authority**
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس: مورخہ: 30 اگست، 2026

# گلاف الرٹ

## پریس ریلیز

**پی ڈی ایم اے نے شمالی اضلاع میں شدید بارشوں اور درجہ حرارت کے بڑھنے سے گلیشیائی جھیل پھٹنے کے خدشے پر الرٹ جاری کر دیا۔**

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی خیبر پختونخوا نے صوبے کے حساس اور گلیشیائی علاقوں میں گلیشیائی جھیل پھٹنے سے پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال کے پیش نظر متعلقہ اداروں اور ضلعی انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔

پاکستان محکمہ موسمیات کے مطابق شمالی علاقوں، بالخصوص خیبر پختونخوا کی برفانی اور گلیشیائی وادیوں میں آئندہ دنوں کے دوران درجہ حرارت میں اضافے کا امکان ہے، جبکہ کل رات سے 4 ستمبر تک صوبے کے مختلف علاقوں میں بارشوں کا سلسلہ متوقع ہے۔ جبکہ درجہ حرارت میں اضافے اور اس کے بعد معتدل سے شدید بارشوں کے مشترکہ اثرات کے باعث برف اور گلیشیئرز کے پگھلنے کی رفتار میں اضافہ ہو سکتا ہے، جس کے نتیجے میں دریاؤں، ندی نالوں اور مقامی برساتی نالوں میں پانی کی سطح اچانک بلند ہونے کا خدشہ ہے۔ حساس پہاڑی علاقوں میں گلیشیائی جھیل پھٹنے، اچانک سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ، مٹی اور ملبے کے ریلوں کے خطرات بھی موجود ہیں

پی ڈی ایم اے نے اپر چترال، لوئر چترال، اپر کوہستان، لوئر کوہستان، اپر دیر، لوئر دیر، سوات اور مانسہرہ کی ضلعی انتظامیہ کو الرٹ رہنے اور کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کو متعلقہ اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھنے، حساس علاقوں کی نگرانی بڑھانے اور ہنگامی صورتحال میں بروقت کارروائی کے لیے ضروری انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

عوام اور سیاحوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ بارشوں کے دوران دریاؤں، ندی نالوں، گلیشیائی جھیلوں اور تنگ وادیوں کے قریب کیمپنگ، ٹریکنگ اور قیام سے گریز کریں۔ شہری مقامی ندی نالوں میں پانی کے رنگ یا بہاؤ میں اچانک تبدیلی اور غیر معمولی آوازوں پر خصوصی توجہ دیں اور خطرے کی صورت میں فوری طور پر محفوظ مقامات کی جانب منتقل ہو جائیں۔

عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ سرکاری اداروں کی جانب سے جاری ہدایات اور موسمی الرٹس پر عمل کریں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ ضلعی انتظامیہ، ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ اداروں کو کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنے کی ہدایت کی گئی ہے
پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی اپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے عوام کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر متعلقہ ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اداروں یا پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1700 پر رابطہ کریں۔

**ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا**